© rasailojaraid.com



اس اشاریئے کی یہ بھی خوبی ہے کہ ہم معنی یا مترادف موضوعات یا عربی اور اردو کے ایک موضوع کے مختلف الفاظ کو باہم مربوط کر دیا گیا ہے۔ ایسا کرنے کے لئے باہمی حوالہ جات (Cross References) کا نظام اپنایا گیا ہے۔ جیسے لفظ "تبرج (ص ۱۶۵)" کے لئے پردہ کی طرف رجوع کرنے کو کہا گیا اور لفظ" ظہار" (ص ۲۸۹) کو جاننے کے لئے قانون اسلام کے عنوان کی طرف متوجہ کیا گیا ہے۔ ایسا کر کے اردو اور عربی اصطلاحات کو باہم مربوط کرنے اور بے جا طوالت سے بچنے کی مفید کوشش کی گئی ہے۔

کتاب کے آغاز میں ۳۰ صفحات پر مشتمل قرآنی معلومات بلا عنوان شامل کتاب ہیں جو مقدمہ کا درجہ رکھتی ہیں۔ ان صفحات میں قرآن فہمی کی سابقہ کوششوں کو مربوط انداز میں اجاگر کیا گیا ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل موضوعات کے تحت اٹھاون کتب سے متعارف کرایا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| الف ۔ | لغات القرآن | ۱۱ |
| ب ۔ | فہارس الفاظ القرآن | ۱۵ |
| ج ۔ | فہارس مضامین القرآن | ۳۴ |
| د ۔ | قرآنی ترجموں سے ملحق فہارس | ۵ |
| ہ ۔ | اردو تفاسیر اور فہارس | ۳ |

یہ ایک مفید کوشش ہے جس سے قرآن فہمی کو فروغ حاصل ہو گا۔ تاہم یہ فہرست بھی نظرثانی چاہتی ہے کیونکہ انگریزی' عربی' فارسی اور ترکی کے علاوہ اردو زبان میں بھی ان موضوعات پر خاصا مواد موجود ہے۔ مضامین قرآن کے حوالے سے عبدالوحید خان مرحوم کی کتاب "قرآن اور انسان" مطبوعہ: ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد' جناب ڈاکٹر تنزیل الرحمن کی کتاب "خلاصہ مطالب قرآن" مطبوعہ حرمت' اسلام آباد' جناب ڈاکٹر محمد میاں صدیقی کی کتاب "قرآن ایک نظر میں" مطبوعہ حرمت' اسلام آباد اور مشتاق احمد خان کی کتاب عظیم (دو جلدیں) مطبوعہ قرآن مرکز' اسلام آباد۔ اس موضوع پر حالیہ اضافے ہیں جن کا تذکرہ اس فہرست کو زیادہ مفید بنا دیتا۔

فاضل مرتبین کی یہ کاوش یقیناً لائق تحسین ہے۔ کیونکہ اس کی وساطت سے "تفہیم القرآن" سے براہ راست استفادہ کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو گا۔ قرآن فہمی اور خاص طور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے قرآن کے موضوعاتی مطالعے کو فروغ ملے گا۔ اور ساتھ ہی ساتھ اس رجحان کو بھی تقویت حاصل ہو گی کہ مکانیکی تحقیق کو رواج دے کر اردو کو بھی مال دار بنایا جا سکتا ہے نیز اس کتاب کے مطالعہ سے دینی علوم کی اشاریہ سازی کے لئے اصول مرتب کرنے کی جانب پیش رفت ہو گی۔

اس اشاریئے کے مطالعہ سے بعض امور ایسے بھی سامنے آتے ہیں جن پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ دینی کتب کی اشاریہ سازی کا منہاج متعین ہو نیز اس اشاریئے کو قارئین کے لئے مزید مفید بنایا جا سکے۔

۱) یہ اشاریہ اردو کے حروف تہجی کی ترتیب پر مرتب ہوا ہے۔ اس لئے ضروری تھا کہ اردو حروف تہجی کی پوری پوری پابندی کی جاتی ۔ چنانچہ واضح رہے کہ عربی زبان کے برعکس اردو اور فارسی میں الف ممدودہ اور الف مقصورہ دو الگ الگ حروف ہیں اور اردو لغت میں الف ممدودہ پہلے ہوتا ہے اور الف مقصورہ بعد میں۔ جبکہ زیر نظر اشاریہ میں اس فرق کو ملحوظ نہیں رکھا گیا۔ چنانچہ لفظ آدم علیہ السلام (ص ۶۹) الف ممدودہ والے دیگر الفاظ کتاب کے ساتھ شروع میں لانا اردو زبان کا تقاضا ہے۔ اسی طرح لفظ آخرت (ص ۴۶)، آزمائش (ص ۷۱)، آسمان (ص ۸۲)، آل، آلاء (ص ۹۰) کو اشاریئے کی ابتداء میں لانا زیادہ مفید ہوتا۔ نیز بعض اصطلاحات جیسے آباء اور آفاق وغیرہ قرآن حکیم نے استعمال کی ہیں لیکن اس فہرست میں شامل نہیں ہیں۔

۲) اشاریہ سازی کا بنیادی اصول یہ بھی ہے کہ جس طرح عنوانات الفبائی ترتیب سے رکھے جاتے ہیں۔ اسی طرح ذیلی عنوانات بھی حروف تہجی کی ترتیب سے مرتب ہوتے ہیں۔ جبکہ زیر تبصرہ کتاب میں یہ طریقہ اپنایا گیا ہے، کہ عنوان مقرر کر کے اسے "تفہیم القرآن" کی جلدوں کے مطابق پیش کیا گیا ہے۔ اگر ذیلی عنوانات کو حروف تہجی سے ترتیب دیا تو اشاریئے کی افادیت میں اضافہ ہو جاتا۔

۳) یہ اشاریہ ترتیب دیتے وقت غالباً "تفہیم القرآن" کی چھ جلدوں کے آخر میں موجود "فہارس مضامین" کو خام مواد کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ذیلی عناوین کو متعلقہ جلد کی ترتیب صفحات کے مطابق پیش کیا گیا ہے۔ جو اشاریہ سازی کے مروجہ منہاج سے جداگانہ اسلوب ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ اشاریہ میں جلدوں کو بنیاد بنانے کی بجائے عنوانات اور ذیلی عنوانات کو معیار بنایا جائے اور ہر ذیلی موضوع کے سامنے جلد نمبر اور صفحہ نمبر درج کیا جائے

© rasailojaraid.com